# ترجمة القرآن

## 50/50 marks

اگرچہ نصابی کتاب میں ہر سورۃ کا خلاصہ یا مرکزی موضوع دیا گیا ہے، تاہم یہ معلومات مختلف مقامات پر بکھری ہوئی ہیں۔ چونکہ یہ ایک اہم امتحانی سوال ہے، طلبہ کو تمام سورتوں کے خلاصے یا مرکزی موضوعات ایک ساتھ یاد رکھنا دشوار ہوتا ہے۔ ایک سورۃ کا خلاصہ یاد کرتے ہیں تو دوسری بھولنے لگتے ہیں۔ اس مسئلے کو مدنظر رکھتے ہوئے، سر عمیس نے تمام سورتوں کے مرکزی موضوعات / خلاصے کو ایک ہی جگہ پر یکجا کر دیا ہے تاکہ طلبہ کو یاد کرنے، دہرانے اور تیاری میں آسانی ہو۔

## خلاصہ / مرکزی موضوع (مکمل کتاب)

| | | |
|---|---|---|
| 1 | سورۃ الانعام | توحید، رسالت، آخرت اور معاشرتی زندگی کے احکام کا بیان ہے |
| 2 | سورۃ الاعراف | عقیدہ توحید، رسالت اور آخرت کا اثبات، قرآن مجید کا منزل من اللہ (اللہ کی طرف سے نازل کردہ) ہونا اور اللہ کی طرف سے نبی ﷺ کو حوصلہ اور تسلی دینا۔ |
| 3 | سورۃ یونس | عقیدہ توحید، رسالت، قیامت کے دلائل کے ساتھ اثبات اور مشرکین کے عقائد باطلہ کی تردید ہے۔ |
| 4 | سورۃ ھود | عقائد اسلام کا بیان ہے جن کو تاریخی حقائق اور عقلی اصولوں سے واضح کیا گیا ہے۔ |
| 5 | سورۃ الرعد | اللہ کی قدرت کاملہ، کامل علم اور رسالت کے تقاضوں کا بیان ہے۔ |
| 6 | سورۃ ابرھیم | شرک کی مذمت اور توحید کا اثبات ہے۔ |
| 7 | سورۃ الحجر | قدرت الٰہی کی نشانیاں، قرآن مجید اور صاحب قرآن کی حقانیت کا بیان ہے۔ |
| 8 | سورۃ النحل | اللہ کی نعمتوں کا ذکر اور اثبات توحید اور شرک کا رد ہے۔ |
| 9 | سورۃ بنی اسراءیل | آپ ﷺ کو اللہ کی عظیم نشانیاں دکھانے کا ذکر ہے نیز اسلامی عقائد و عبادات اور معاشرتی آداب بیان ہوئے ہیں۔ |
| 10 | سورۃ الکھف | انسان کو اس بات کا شعور دلانا ہے کہ اللہ کی دی ہوئی ہر نعمت میں انسان کی آزمائش ہوتی ہے اور آزمائش پر پورا اترنے والا ہی حقیقی معنوں میں بندہ مومن کہلاتا ہے |
| 11 | سورۃ المؤمنون | توحید اور قیامت کے متعلق دلائل اور اتباع رسول ﷺ کی دعوت کا بیان ہے۔ |
| 12 | سورۃ الزمر | مشرکین کے عقائد باطلہ کی تردید، توحید اور قیامت کے دلائل کا بیان ہے۔ |
| 13 | سورۃ المؤمن (الغافر) | توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے |
| 14 | سورۃ حمٰہ السجدہ (فصلت) | عقیدہ توحید کا اثبات، شرک کی تردید، قرآن مجید کی حقانیت اور ایمان بالآخرت اس سورت کا مرکزی موضوع ہے۔ |
| 15 | سورۃ الشورٰی | عقیدہ توحید و رسالت اور آخرت کا اثبات نیز باہمی اتحاد و اتفاق کا بیان ہے۔ |

© 2025 Sir Umais | www.sirumais.com | All Rights Reserved